E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | منگل 29 ستمبر 2026ء/16 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 231

سیاست کے بھی کچھ اصول ہوتے ہیں، پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے، ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں ملوث دہشت گرد کا سراغ بھی کابل سے ملا ہے

پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے، وزیر اطلاعات

پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں، طلال چوہدری

خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے، وزیر مملکت کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے، اے این پی، مسلم لیگ (ن)، جے یو آئی کی قیادت دہشت گردی کے خلاف جانوں کی قربانی دے چکے ہیں، صرف پی ٹی آئی کو دہشت گرد کچھ نہیں کہتے، ایسا کیوں ہے؟، سیاست کے بھی کچھ اصول ہوتے ہیں، پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ہر شعبے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، فنڈز پولیس کی بجائے دھرنوں پر خرچ کر رہی ہے جبکہ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں جبکہ ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں ملوث دہشت گرد کا سراغ بھی کابل سے ملا ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



اسلام آباد: چیف جسٹس، جسٹس یحییٰ آفریدی سے کوریا کے سفیر ہان سنگ ہو کے ملاقات کر رہے ہیں

کے پی میں گورنر راج کے تمام قانونی تقاضے پورے ہیں، کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے، امیر مقام

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال اور وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے اقدامات کے باعث گورنر راج کے تمام قانونی تقاضے پورے ہیں، گورنر راج آئینی و قانونی راستہ ہے جس پر مشاورت جاری ہے، سہیل آفریدی لانگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

مریم نواز کی حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی پر اظہار تشکر

بہاولپور کی ضمنی الیکشن میں کامیابی پر ملک منیر اقبال چنڑ کو مبارکباد، عوام کو خراج تحسین اور اظہارِ اعتماد پر شکریہ ادا کیا

حلقہ این اے 168 بہاولپور کے عوام نے ترقی اور خدمت کی سیاست پر مہر تصدیق ثبت کر دی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر اظہار تشکر کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ضمنی الیکشن میں کامیابی پر ملک منیر اقبال چنڑ کو مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے حلقہ این اے 168 بہاولپور کے عوام کو خراج تحسین پیش کیا، مبارک باد دی اور اظہار اعتماد پر شکریہ بھی ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حلقہ این اے 168 بہاولپور کے عوام نے ترقی اور خدمت کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے صدر آرٹس کونسل آف پاکستان محمد احمد شاہ ملاقات کر رہے ہیں

لاہور چیمبر اور ڈیوآئی اے، پی آئی بی ٹی آئی سی کے درمیان مفاہمتی یادداشتیں، صنعتی و تجارتی تعاون کے فروغ پر اتفاق

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور داروغہ والا انڈسٹری اونرز ایسوسی ایشن کے درمیان صنعتی ترقی، کاروباری مسابقت، تجارت و سرمایہ کاری، ایس ایم ایز کی ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔

رانا مشہود کی عمان کی وزارت محنت کے انڈر سیکرٹری سے ملاقات

سلطنت عمان پاکستان کو ہنرمند اور نیم ہنرمند افرادی قوت کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی

پاکستان بیرون ملک روزگار فراہم کرنے والے ممالک میں زیادہ طلب والی مہارتوں کی نشاندہی اور نقشہ سازی کر رہا ہے، چیئرمین یوتھ پروگرام

مسقط (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے آج مسقط میں عمان کی وزارت محنت کے انڈر سیکرٹری خالد بن سالم الغماری سے ملاقات کی جس دوران پاکستانی افرادی قوت کے لیے روزگار بارے تبادلہ خیال کیا۔ پیر کو جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے پاکستان کی بڑی نوجوان آبادی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے نوجوان ہنرمند افرادی قوت کا ایک وسیع ذخیرہ فراہم کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

فیصل آباد: معروف سماجی و سیاسی شخصیت حاجی لیاقت علی تنویری اہلیہ اور احتشام تنویر اور عثمان تنویر کی والدہ مرحومہ کے رسم قل کی تقریب میں رانا علی عباس، میاں عرفان منان، میاں علی، چوہدری پرویز جٹ، ملک جمال طارق، بلال قدوس، رانا منور، و دیگر اہل علاقہ شریک ہیں

پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن فیس میں بڑے اضافے کی تجویز

1500 ماہانہ فیس لینے والے سکول کی رجسٹریشن فیس 10 ہزار، 2500 فیس والے سکولوں سے 20 ہزار وصول کیے جائینگے

20 ہزار روپے سے زائد ماہانہ فیس وصول کرنے والے سکولوں کے لیے رجسٹریشن فیس 10 لاکھ روپے مقرر کرنے کی تجویز، ذرائع

لاہور (این این آئی) پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کی مدت اور فیس میں تبدیلی کی تجویز سامنے آگئی جس کے تحت سکولوں کو 4 سال کے لیے رجسٹر کرنے اور فیس سکول کی ماہانہ فیس کے تناسب سے مقرر کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ مجوزہ نئے قواعد و ضوابط کے مطابق 1500 روپے ماہانہ فیس لینے والے سکول کی رجسٹریشن فیس 10 ہزار روپے مقرر کرنے کی تجویز ہے جبکہ 2500 روپے تک ماہانہ فیس والے سکولوں سے رجسٹریشن کی مد میں 20 ہزار روپے وصول کیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

کراچی: لیاری ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ فیز 1 کا تعمیراتی کام جاری ہے

فیصل آباد گوجرہ روڈ پر ناملعوم پراڈو سوار لڑکی کو مبینہ نشے کی حالت میں چھوڑ کر فرار، ریسکیو نے ہسپتال منتقل کر دیا

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد جہانگیر سے براستہ گوجرا روڈ، ریسکیو 1122 کے دفتر کے قریب نامعلوم افراد ایک لڑکی کو مبینہ طور پر نشے کی حالت میں سڑک کنارے چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

گندم کی بروقت کاشت پیداوار میں اضافے کے لئے انتہائی اہم ہے، عاشق حسین کرمانی

گندم کے پیداواری اہداف کے حصول اور کسانوں کو معیاری بیج کی بروقت فراہمی کے لئے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی

معیاری بیج کی فراہمی کے ساتھ ساتھ کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی اور بہتر زرعی طریقوں سے آگاہ کرنا بھی ضروری ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آئندہ سیزن کیلئے گندم کے بیج کی فراہمی اور قیمتوں کے تعین کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ لغاری، مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن ڈاکٹر فرحان فاروق، زرعی ماہرین اور نجی سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں گندم کے آئندہ سیزن کے لئے بیج کی طلب، دستیابی اور کسانوں تک بروقت رسائی اور قیمتوں سے متعلق امور کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

ٹکافل پروٹیکشن تک ڈیجیٹل رسائی کے لیے جوبلی لائف انشورنس اور اولاڈوک کے درمیان اہم شراکت کا آغاز

کراچی (این این آئی) جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ وٹڈ ٹکافل آپریٹنز نے اولاڈوک کے ساتھ ایک اسٹریٹجک ڈیجیٹل تعاون کا معاہدہ کیا ہے۔

ڈیرہ اسماعیل خان، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گرد جہنم واصل

قوم اپنے بہادر جوانوں کیساتھ کھڑی ہے، محسن نقوی

ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور افغانی کرنسی برآمد کر لی گئی

محسن نقوی کا کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم

ڈی آئی خان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام ویژن کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے دہشت گردوں کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھتے ہوئے ان کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور افغانی کرنسی بھی برآمد ہوئی۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق ملک سے دہشت گردی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سردار ایاز صادق کی ٹانک میں ٹریفک پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے قانون نافذ کرنے والے ادارے اور قوم متحد ہے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ٹانک میں ٹریفک پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس کے نتیجے میں تین ٹریفک پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے، حکمران ذاتی مفادات کے تحفظ میں مصروف ہیں، شاہد حسین

حکومت غریب، تاجر، مزدور اور کسان کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہے، پی ٹی آئی رہنما کا بزنس کمیونٹی سے خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ عوام آج در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جبکہ حکمران ٹولہ زبردستی اقتدار کے ساتھ چمٹے ہوئے ہے، آج غریب عوام، تاجر، مزدور، کسان کا کوئی پرسان حال نہیں، حکومت ان طبقات کا مسلسل معاشی قتل عام کر رہی ہے۔

وفاقی حکومت کا سائبر سیکیورٹی فریم ورک پر عمل درآمد، وفاقی سی آر ٹی کی تشکیل شروع

تمام وفاقی اداروں کو سائبر حملوں سے تحفظ کی خدمات بھی فراہم کرے گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سائبر سیکیورٹی فریم ورک 2026 کے نفاذ کے لیے عملی اقدامات کرتے ہوئے وفاقی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (سی آر ٹی) کی تشکیل کا عمل شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی سطح پر سائبر سیکیورٹی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے قائم کی جانے والی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

مدرسہ کے طالب علم سے بدفعلی کے ملزم کی ضمانت مسترد

ایسا عمل مدرسہ میں کرنا تو زیادہ سنگین ہے، جسٹس نعیم اختر افغان کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے مدرسہ کے طالب علم سے بدفعلی کے ملزم زین علی کی ضمانت مسترد کر دی۔ جسٹس جمال مید وخیل کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ وکیل ملزم نے دلائل دیے کہ مدعی کی جانب سے غلط مقدمہ بنایا گیا ہے، چھوٹا سا مدرسہ ہے جہاں ایسا عمل ممکن نہیں۔

فیصل آباد، مبینہ پولیس مقابلے میں دو ریکارڈ یافتہ ڈاکو ہلاک، ساتھی فرار

فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن اور تلاش کا سلسلہ جاری ہے

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد کے دیال گڑھ چوک میں سی سی ڈی اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان پولیس مقابلہ ہوا، جس کے دوران قتل، ڈکیتی اور کیش سنیچنگ سمیت سنگین وارداتوں میں ملوث دو ریکارڈ یافتہ ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق کارروائی سی سی ڈی کے سرکل آفیسر اقبال ٹاؤن علی اکرام گورایہ، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت کیلئے فیصل آباد میں ووٹر آگاہی پروگرام

8300 پر شناختی کارڈ نمبر بھیج کر ووٹ کی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور تمام شہریوں، بشمول خواتین کمیونٹی کو انتخابی عمل میں بھرپور شمولیت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اسی سلسلے میں، آج صنعت زار، تکنیکی تربیتی مرکز سوشل ویلفیئر فنڈ اور گردشی قرض کی گئی۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی حکام کی جانب سے ساورن ویلتھ فنڈ اور گردشی قرض میں کمی سے متعلق اقدامات پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو چینی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

کیمونٹی خاص طور پر عیشرکت کی۔ آگاہی پروگرام کی صدارت سعید احمد خان، ریجنل الیکشن کمشنر، فیصل آباد، محمد شفیق ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

صنعتوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، سعید غنی

چھوٹی و متوسط صنعتوں کو سہولتیں فراہم کرنا اولین ترجیح ہے

لیبر کوڈ کے نفاذ سے قبل تمام متعلقہ فریقوں سے مشاورت جاری ہے، وزیر محنت سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی کی زیر صدارت ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان اور صنعتی ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کا اجلاس ہوا، جس میں صنعتکاروں کو درپیش مسائل اور موجودہ معاشی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیکریٹری محنت سندھ ساجد جمال ابڑو، سیکریٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ سعید صالح جمانی، کمشنر سیسی ہادی بخش کلہوڑو، ڈی جی لیبر نذیر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر مذاکرات

صوبوں سے ٹیکس اور نان ٹیکس ریونیو کی وصولی بہتر بنانے کے اقدامات پر بھی بات چیت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر مذاکرات شروع ہو گئے جس میں معاشی کارکردگی، اصلاحات اور مختلف شعبوں سے متعلق امور پر بات چیت ہوگی

خیبر پختونخوا کے 37 مراکز صحت آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا مقصد صحت کے شعبے میں معیار، رسائی اور کوریج کو بہتر بنانا ہے، ہیلتھ فاؤنڈیشن

اہل اور تجربہ کار فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے دلچسپی کے اظہار کی درخواستیں طلب کر لی گئی، رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن نے صوبے کے 37 مراکز صحت کی مینجمنٹ اور آپریشنز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن کے مطابق مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا مقصد صحت کے شعبے میں معیار، رسائی اور کوریج کو بہتر بنانا ہے اس سلسلے میں اہل اور تجربہ کار فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے دلچسپی کے اظہار کی درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں۔ فاؤنڈیشن کے مطابق دیر لوئر، ہنگو، ہری پور، کرک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے عافیہ مومنٹ کے چیئرپرسن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی ملاقات کر رہی ہیں

پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام 'تاریخ نویسی: جدید رجحانات اور نئے زاویہ نظر' پر بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی شعبہ تاریخ و مطالعہ پاکستان کے زیر اہتمام 'تاریخ نویسی: جدید رجحانات اور نئے زاویہ نظر' کے عنوان سے دو روزہ بین الاقوامی علمی کانفرنس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد الرازی ہال میں ہوا۔

ڈاکٹر عمران اختر کو گریڈ 18 میں ترقی، بیٹے کی ولادت پر مبارکباد

فرینڈز یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن کے عہدیداران کی ڈاکٹر عمران اختر کو مبارکباد

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عمران اختر ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ الائیڈ ہسپتال ٹو کو گریڈ 17 سے گریڈ 18 میں محکمانہ ترقی مل گئی۔ اسی دن خالق کائنات نے انہیں چاند سا بیٹا بھی عطا کیا فرینڈز یوتھ ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ ضلع فیصل آباد کے صدر سلیم سلطان مگوں، سینئر نائب صدر کاشف رفیق، نائب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

فیصل آباد چک نمبر 124 جی بی میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، 2 افراد جاں بحق

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد چک نمبر 124 جی بی میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، 2 افراد جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق حادثے میں 55 سالہ عابد وسیم اور 40 سالہ نامعلوم خاتون سکنہ اوکاڑہ موقع پر جاں بحق ہو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

سہیل آفریدی کی نامزدگی کا فیصلہ غلط، نتائج پارٹی آج بھی بھگت رہی ہے، شیر افضل مروت

عمران خان کے غلط فیصلوں کا ازالہ نہ کیا گیا تو پارٹی کا کوئی مستقبل نہیں ہوگا، رکن قومی اسمبلی سلمان اکرم، علیمہ خان، سہیل آفریدی کو دور کیا جائے تو عمران خان کی رہائی کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہوں

لاہور (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ عمران خان کے غلط فیصلوں کا ازالہ نہ کیا گیا تو پارٹی کا کوئی مستقبل نہیں ہوگا، میں نے پارٹی کے لیے بہت سی قربانیاں دیں لیکن جب حکومت بنی اور تھوڑا بہت اچھا وقت آیا تو سب سے پہلے مجھے ہی تختہ مشق بنایا گیا، اگر تین لوگوں کو سائیڈ پر کر دیا جائے تو وہ عمران خان کی رہائی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔



ہیومن گائیڈز کی نشست میں اعجاز احمد، ندیم صادق ڈوگر، رانا محبوب عالم، حامد اقبال، عماد الحسن، شاہد حسین، اعجاز بیگ، انور طاہر، حاجی سلیم، طاہر خان بلال بیگ اور دیگر کی شرکت

گورنر راج لگے یا نہ لگے، خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے، اختیار ولی

سہیل آفریدی کے دور حکومت میں صوبے میں چرس کی بھرمار ہو رہی ہے اور منشیات کا زہر پورے ملک میں پھیلایا جا رہا ہے، شہر ہارون کے ہمراہ گفتگو

خیبر پختونخوا میں امن کا گراف مسلسل گر رہا ہے، صوبے کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، شہر بلور

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ گورنر راج لگے یا نہ لگے، خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے، خیبر پختونخوا میں امن کا گراف مسلسل گر رہا ہے، صوبے کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ شہر بلور کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی امن و امان اور منشیات کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کا گراف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

فیصل آباد، خاتون مبینہ طور پر قتل، لاش ٹیوب ویل کے کنویں سے برآمد

ریسکیو ٹیم نے لاش پولیس کی موجودگی میں ٹی ایچ کیو ہسپتال تاندلیانوالہ منتقل کر دی

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد: خاتون مبینہ طور پر قتل، لاش ٹیوب ویل کے کنویں سے برآمد فیصل آباد چک نمبر 411 جی بی مجیانہ تاندلیانوالہ میں 17 سالہ انعم بی بی کو مبینہ طور پر قتل کر کے ٹیوب ویل میں پھینک دیا گیا اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر کنویں سے لاش نکال لی۔

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے عزمِ استحکام ویژن کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے دہشت گردوں کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھتے ہوئے ان کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور افغانی کرنسی بھی برآمد ہوئی۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے 4 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کیساتھ کھڑی ہے، سیکیورٹی فورسز ملک میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پوری طرح پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

امریکہ ایران کشیدگی کے خاتمے میں پاکستان کی سفارتی کوششیں

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا موجودہ اجلاس ایسے وقت میں منعقد ہو رہا ہے جب دنیا کو جنگوں، مسلح تنازعات، علاقائی کشیدگی، توانائی کے بحران اور عالمی سفارت کاری کے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا ہے۔ غزہ میں انسانی المیے کی صورتحال بدستور عالمی توجہ کی متقاضی ہے، روس اور یوکرین کے تنازعے کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں جبکہ مشرق وسطیٰ میں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی نے نہ صرف خطے کے امن و استحکام بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی ترسیل اور بین الاقوامی تجارت کے مستقبل کے حوالے سے بھی کئی سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ ایسے ماحول میں جنرل اسمبلی کا اجلاس محض عالمی رہنماؤں کی تقاریر کا اجتماع نہیں بلکہ اقوام متحدہ کے کردار اور بین الاقوامی سفارت کاری کی صلاحیت کا ایک اہم امتحان بھی ہے۔

اسی پس منظر میں جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والی بات چیت کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق اقوام متحدہ میں امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان تقریباً تین گھنٹے تک مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے اور جلد ایک اور ملاقات متوقع ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور امریکی خصوصی نمائندے اسٹیو وٹکوف کے درمیان ملاقات کی ایرانی سرکاری میڈیا نے بھی تصدیق کی ہے۔ اس پیش رفت سے کم از کم یہ اشارہ ضرور ملتا ہے کہ شدید کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک کے

تجزیہ بی این پی

درمیان سفارتی رابطے کی گنجائش مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی۔

تاہم مذاکرات کے ساتھ ساتھ امریکی صدر کا سخت لہجہ بھی عالمی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے ایران کے بارے میں ایک طرف ممکنہ معاہدے اور مستقبل میں ایران کے عظیم ملک بننے کی بات کی، تو دوسری طرف یہ بھی کہا کہ انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا اسے مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے۔ انہوں نے ایران کو جلد فیصلہ کرنے کا انتباہ بھی دیا۔ بلاشبہ ایسے بیانات مذاکراتی ماحول کے لیے ایک پیچیدہ صورت حال پیدا کرتے ہیں کیونکہ سفارتی مذاکرات بنیادی طور پر اعتماد سازی، تحمل اور باہمی یقین دہانیوں کے ماحول میں ہی آگے بڑھ سکتے ہیں۔

دوسری طرف ایران کی جانب سے بھی بعض شرائط سامنے آئی ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے منجمد اثاثوں کے فوری اجراء، بحری ناکہ بندی کے خاتمے اور لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کے خاتمے جیسے مطالبات پیش کیے ہیں۔ ایرانی حکام سے منسوب اطلاعات کے مطابق اگر امریکی فوجی دباؤ میں کمی اور ایرانی بندرگاہوں کا محاصرہ ختم کیا جائے تو تہران سات روز میں آبنائے ہرمز کھولنے پر آمادگی ظاہر کر سکتا ہے۔ ان مطالبات اور تجاویز سے ظاہر ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان اختلافات اگرچہ گہرے ہیں، تاہم مذاکرات کے لیے بعض عملی نکات موجود ہیں جنہیں سفارتی سطح پر زیر بحث لایا جا سکتا ہے۔

آبنائے ہرمز کی اہمیت اس پورے بحران کو محض دو ملکوں کے باہمی تنازعے تک محدود نہیں رہنے دیتی۔ یہ عالمی توانائی کی ترسیل کا ایک اہم راستہ ہے اور یہاں طویل عرصے تک کشیدگی برقرار رہنے کی صورت میں اس کے اثرات تیل کی قیمتوں، سمندری تجارت، درآمدی اخراجات اور بالخصوص ترقی پذیر ممالک کی معیشتوں پر پڑ سکتے ہیں۔ عالمی معیشت پہلے ہی مختلف جغرافیائی اور تجارتی دباؤ کا سامنا کر رہی ہے، اس لیے مشرق وسطیٰ میں ایک طویل اور وسیع تر محاذ آرائی عالمی معاشی استحکام کے لیے مزید مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔

** تجزیہ بی این پی کے مطابق ** موجودہ صورتحال میں سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کا سلسلہ کسی نہ کسی صورت میں برقرار رکھا جائے۔ سفارتی رابطہ ایک ایسا راستہ ہے جو اختلافات کے باوجود فریقین کو براہ راست اپنے تحفظات، مطالبات اور خدشات بیان کرنے کا موقع دیتا ہے۔ اس کے برعکس دھمکیوں، فوجی دباؤ اور سخت بیانات میں اضافہ مذاکرات کے لیے موجود محدود گنجائش کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ اس لیے موجودہ مرحلے میں اصل چیلنج یہ ہے کہ مذاکرات اور دباؤ کے درمیان ایسا توازن پیدا کیا جائے جس سے سفارتی عمل متاثر نہ ہو۔

اس صورتحال میں پاکستان کا کردار بھی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے حوالے سے جنگ کے بجائے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور سفارتی حل پر زور دیا ہے۔ اسلام آباد نے مختلف فریقوں کے ساتھ رابطوں اور مشاورت کے ذریعے سفارتی عمل کو آگے بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کا مشاورتی اجلاس بھی اسی وسیع تر سفارتی کوشش کا حصہ ہے، جس میں امریکہ ایران کشیدگی کم کرنے، سفارتی عمل بحال رکھنے اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی پاسداری پر زور دیا گیا۔

پاکستان کے لیے یہ معاملہ اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کہ ایران اس کا ہمسایہ ملک ہے جبکہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک پاکستان کے دیرینہ برادر ممالک اور اہم اقتصادی و دفاعی شراکت دار ہیں۔ امریکہ بھی پاکستان کے لیے عالمی سطح پر اہم ملک ہے۔ چنانچہ اسلام آباد کے لیے کسی ایک فریق کے ساتھ مکمل طور پر کھڑے ہونے کے بجائے امن، مذاکرات اور علاقائی استحکام کے اصولوں پر قائم رہنا ایک حساس سفارتی توازن کا تقاضا کرتا ہے۔ پاکستان کا مفاد بھی اسی میں ہے کہ خطے میں کشیدگی مزید نہ بڑھے اور تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی کوششیں جاری رہیں۔

پاکستان کی جغرافیائی قربت اور معاشی صورتحال کو سامنے رکھا جائے تو مشرق وسطیٰ میں کسی طویل جنگ کے اثرات سے پاکستان بھی محفوظ نہیں رہ سکتا۔ توانائی کی عالمی قیمتوں میں اضافہ، بحری راستوں میں رکاوٹ، درآمدی بل میں اضافے اور عالمی تجارت میں عدم استحکام کے اثرات ترقی پذیر معیشتوں پر نسبتاً زیادہ پڑتے ہیں۔ پاکستان پہلے ہی اقتصادی استحکام کے کئی مراحل سے گزر رہا ہے، اس لیے علاقائی امن پاکستان کے لیے محض خارجہ پالیسی کا معاملہ نہیں بلکہ براہ راست قومی معاشی مفاد بھی ہے۔

اسی تناظر میں پاکستان کی سفارتی کوششوں کو محض کسی ایک تنازعے کے فوری حل تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ انہیں وسیع تر علاقائی امن کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

سعودی عرب، ترکیہ، مصر اور دیگر علاقائی ممالک کے ساتھ مشاورت کو مسلسل جاری رکھتے ہوئے ایسا ماحول پیدا کیا جا سکتا ہے جس میں فریقین براہ راست مذاکرات کی طرف واپس آنے کے لیے زیادہ آمادہ ہوں۔ تاہم اس سفارتی عمل کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اپنی کوششوں کو متوازن، محتاط اور تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ رابطے پر مبنی رکھے۔

مکہ معاہدہ، پاکستان کا بڑھتا ہوا اسٹریٹجک کردار

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے پہلے سیکرٹری جنرل کی ذمہ داری پاکستان کو ملنا محض ایک انتظامی تقرری نہیں بلکہ بدلتے ہوئے علاقائی سلامتی کے ماحول میں پاکستان کے کردار اور اس پر برادر ممالک کے اعتماد کی ایک اہم علامت ہے۔ حکومت پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو اس معاہدے کا پہلا سیکرٹری جنرل مقرر کیا ہے، جبکہ اتحاد کا جنرل سیکرٹریٹ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ 7 اگست 2026 کو پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے بعد اب اس اتحاد کو باقاعدہ ادارہ جاتی شکل دینے کا مرحلہ شروع ہو گیا ہے۔

مکہ معاہدے کی بنیادی اہمیت اس کے اجتماعی دفاع کے تصور میں مضمر ہے۔ معاہدے کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملے کو تینوں پر حملے کے طور پر دیکھا جائے گا۔ اس طرح یہ معاہدہ محض تین ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کی دستاویز نہیں رہتا بلکہ مشترکہ سلامتی، اجتماعی دفاع اور باہمی معاونت کا ایک ایسا فریم ورک فراہم کرتا ہے جسے وقت کے ساتھ مزید منظم اور مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

آج کی علاقائی صورتحال میں اس معاہدے کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں سلامتی کے مسائل، یمن سے ہونے والے حملے، خلیجی ریاستوں کی سلامتی، بحیرہ احمر اور اہم بحری راستوں کو لاحق خطرات اور وسیع تر علاقائی کشیدگی نے یہ واضح کر دیا ہے کہ کسی ایک ملک کی سلامتی کو باقی خطے کی سلامتی سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ حالیہ دنوں میں ترکیہ نے سعودی عرب کی دفاعی ضروریات میں

تجزیہ بی این پی

تکنیکی اور عسکری معاونت کے لیے آمادگی ظاہر کی ہے، جبکہ پاکستان نے بھی سعودی عرب کے دفاع کے حوالے سے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔

اس تناظر میں پاکستان کے لیے سب سے اہم چیلنج یہ ہے کہ وہ دفاعی ذمہ داریوں اور علاقائی امن کے تقاضوں کے درمیان متوازن حکمتِ عملی برقرار رکھے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں ایک طرف سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ برادرانہ اور دفاعی تعلقات موجود ہیں، دوسری طرف ترکیہ کے ساتھ بھی دفاعی، اقتصادی اور سفارتی روابط مسلسل مضبوط ہوئے ہیں۔ اس کے ساتھ پاکستان خطے کے دوسرے ممالک کے ساتھ بھی تعلقات برقرار رکھنے کی ضرورت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مکہ معاہدے کے تحت پاکستان کا کردار صرف عسکری نوعیت کا نہیں بلکہ سفارتی اور سیاسی اعتبار سے بھی غیر معمولی اہمیت اختیار کر رہا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کے لیے موجودہ مرحلے میں سب سے اہم بات یہ نہیں کہ مکہ معاہدہ کتنے ممالک تک پھیلتا ہے، بلکہ یہ ہے کہ موجودہ تینوں ممالک اس کے ادارہ جاتی ڈھانچے، فیصلہ سازی کے طریقہ کار، مشترکہ دفاعی منصوبہ بندی، انٹیلی جنس تعاون، دفاعی صنعت اور بحران کے دوران رابطہ کاری کو کس حد تک مؤثر بناتے ہیں۔ اگر ان شعبوں میں عملی پیش رفت ہوتی ہے تو یہ معاہدہ خطے میں ایک منظم سکیورٹی فریم ورک کی بنیاد بن سکتا ہے۔

31 اگست 2026 کو استنبول میں ہونے والے مکہ معاہدے کے اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے اجلاس میں تینوں ممالک نے معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی بنانے، اجتماعی دفاعی صلاحیت اور باہمی یکجہتی کو مضبوط کرنے اور علاقائی امن واستحکام کے لیے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا تھا۔ اسی اجلاس میں سعودی عرب میں سیکرٹریٹ کے قیام اور ابتدائی طور پر تین سال کے لیے پاکستان سے سیکرٹری جنرل مقرر کرنے کا فیصلہ سامنے آیا۔

یہ پیش رفت اس بات کا اشارہ ہے کہ معاہدہ اب صرف سیاسی عزم کے اظہار سے آگے بڑھ کر تنظیمی مرحلے میں داخل ہو رہا ہے۔ کسی بھی دفاعی اتحاد کی اصل آزمائش اس کے اعلان میں نہیں بلکہ اس کی ادارہ جاتی صلاحیت، مشترکہ مشقوں، مواصلاتی نظام، دفاعی ٹیکنالوجی، انٹیلی جنس شیئرنگ اور بحران کے وقت فوری فیصلہ سازی میں ہوتی ہے۔ ریاض میں قائم ہونے والا سیکرٹریٹ اسی عمل کا مرکزی انتظامی مرکز بن سکتا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ موقع اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ ملک کی دفاعی صنعت اور عسکری تربیت کا تجربہ اسے معاہدے کے عملی پہلوؤں میں مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون پہلے ہی مختلف شعبوں میں موجود ہے

مہنگائی کے دباؤ میں معاشی نمو کا امتحان

پاکستان کی معیشت اس وقت ایسے مرحلے سے گزر رہی ہے جہاں معاشی استحکام کے کچھ مثبت اشارے ضرور سامنے آئے ہیں، مگر مہنگائی، کم شرح نمو، توانائی کی قیمتوں، بیرونی دباؤ اور داخلی اصلاحات کی رفتار نے مستقبل کے حوالے سے کئی اہم سوالات بھی اٹھا دیے ہیں۔ ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی تازہ معاشی پیش گوئی کے مطابق پاکستان کی شرح نمو مالی سال 2026ء میں 3.7 فیصد رہی اور مالی سال 2027ء میں بھی 3.7 فیصد رہنے کی توقع ہے، جبکہ مہنگائی 2026ء میں 7.2 فیصد اور 2027ء میں 8.3 فیصد تک پہنچنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

پہلا سوال یہ ہے کہ اگر معاشی شرح نمو 3.7 فیصد کے گرد ہی محدود رہتی ہے تو کیا یہ رفتار پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی، روزگار کی ضرورت اور عوامی توقعات پوری کرنے کیلئے کافی ہے؟ ظاہر ہے کہ صرف مثبت شرح نمو کو معاشی کامیابی کا مکمل پیمانہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ ترقی کی رفتار کتنی تیز، کتنی وسیع البنیاد اور کتنی دیرپا ہے۔ حکومت کیلئے ضروری ہوگا کہ معاشی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنے کے ساتھ نجی سرمایہ کاری، صنعت، برآمدات اور پیداواری شعبوں کو زیادہ مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اب تک ہونے والی پیش رفت کو کس طرح پائیدار بنایا جا سکتا ہے؟ ایشین ڈویلپمنٹ بینک نے 2027ء کیلئے 8.3 فیصد مہنگائی کی پیش گوئی کی ہے، جس کی بڑی وجوہ میں خوراک اور ایندھن کی لاگت سمیت بیرونی حالات کے اثرات شامل ہیں۔ اس صورتحال میں محض انتظامی اقدامات کافی نہیں ہوں گے بلکہ پیداوار، ترسیل، توانائی، ذخیرہ

تجزیہ بی این پی

اندوزی، مارکیٹ نگرانی اور درآمدی لاگت کے بنیادی مسائل کو حل کرنا ہوگا۔ تیسرا سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان عالمی توانائی کی قیمتوں اور مشرق وسطیٰ کے تنازع جیسے بیرونی جھٹکوں کا مقابلہ کرنے کیلئے کافی معاشی گنجائش پیدا کر چکا ہے؟ پاکستان کی درآمدی ضروریات زیادہ ہیں، اس لیے عالمی سطح پر تیل اور دیگر اشیائے ضروریہ مہنگی ہونے کا اثر براہِ راست ملکی قیمتوں اور درآمدی بل پر پڑتا ہے۔ جہاز رانی، بیمہ اور سپلائی چین کے اخراجات میں اضافہ بھی کاروباری لاگت بڑھا سکتا ہے۔ ایسے حالات میں بیرونی خطرات کو مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں، مگر ان کے اثرات کم کرنے کیلئے زرمبادلہ کے ذخائر، برآمدات، مقامی پیداوار اور توانائی کے متبادل ذرائع کو مضبوط بنانا ممکن ہے۔

چوتھا سوال یہ ہے کہ اگر درآمدی اشیا مہنگی ہوتی ہیں تو کیا روپے پر دباؤ اور مہنگائی کی نئی لہر کو ایک ساتھ قابو میں رکھا جا سکے گا؟ یہ مسئلہ خاص طور پر اس لیے اہم ہے کہ پٹرولیم مصنوعات، مشینری، خام مال اور متعدد صنعتی اشیا کی قیمتیں عالمی منڈی سے جڑی ہوئی ہیں۔ درآمدی لاگت میں اضافہ صنعتی پیداوار کی قیمت بڑھا سکتا ہے اور اس کے نتیجے میں عام صارف بھی متاثر ہوتا ہے۔ اس لیے معاشی پالیسی کا مقصد صرف روپے کو وقتی سہارا دینا نہیں بلکہ برآمدی آمدن اور مقامی پیداوار میں مستقل اضافہ ہونا چاہیے۔


پانچواں سوال یہ ہے کہ کیا نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معاشی بحالی کو پائیدار بنانے کیلئے کافی رفتار اختیار کر سکتا ہے؟ ایشین ڈویلپمنٹ بینک نے مالی سال 2026ء میں نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافے کو مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ معیشت میں کاروباری سرگرمی کے امکانات موجود ہیں۔ تاہم سرمایہ کاری کو وقتی اضافے سے مستقل رجحان میں تبدیل کرنے کیلئے پالیسی تسلسل، آسان کاروباری ماحول، توانائی کی دستیابی، ٹیکس نظام میں سادگی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو برقرار رکھنا ضروری ہوگا۔

چھٹا سوال یہ ہے کہ کیا زراعت، صنعت اور خدمات کے شعبوں کی موجودہ کارکردگی ملک کی مجموعی معاشی ضرورت پوری کر سکتی ہے؟ سیلاب جیسے شدید موسمی نقصانات کے باوجود زرعی شعبے نے نمو دکھائی، جبکہ صنعت اور خدمات میں بھی بہتری کے آثار سامنے آئے۔ لیکن پاکستان کیلئے اصل چیلنج یہ ہے کہ زراعت کو محض خام پیداوار تک محدود رکھنے کے بجائے ویلیو ایڈیشن، زرعی صنعت، برآمدی پیداوار اور جدید ٹیکنالوجی سے جوڑا جائے تاکہ کسان کی آمدنی بھی بڑھے اور ملکی برآمدات بھی۔ ساتواں سوال یہ ہے کہ ٹیکس وصولیوں میں بہتری کے بغیر ترقیاتی اہداف کس حد تک حاصل کیے جا سکتے ہیں؟ حکومت کو ایک طرف عوام اور کاروباری طبقے پر غیر ضروری دباؤ سے بچنا ہوگا اور دوسری طرف ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا ہوگا۔

اولیا کرام امن، محبت اور بھائی چارے کا درس دیتے ہیں: میاں ولید احمد شرقپوری

حضور غوث الاعظم کی تعلیمات شریعت وطریقت کا حسین امتزاج ہیں، اولیا کرام کی تعلیمات پر عمل سے اسلام کی حقیقی روح کو سمجھا جاسکتا ہے

بغداد شریف (پ ر) جانشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف، صاحبزادہ میاں ولید احمد



شرقپوری نقشبندی مجددی نے کہا ہے کہ اولیا کرام امن، محبت، اخوت اور بھائی چارے کا پیغام دیتے ہیں۔ اولیا کرام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہم اسلام کی حقیقی روح کو سمجھ سکتے ہیں، کیونکہ اولیا اللہ کی تعلیمات قرآن و سنت اور شریعتِ اسلامیہ کے عین مطابق ہیں۔ حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعلیمات شریعت وطریقت کا حسین امتزاج ہیں۔ حضرت سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام الاولیا اور حسنی و حسینی سید ہیں۔ آپ رحم اللہ علیہ نے اپنی پوری زندگی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کی تعلیم و تبلیغ اور اصلاحِ امت (باقی صفحہ اندرونی نمبر46)

اولیائے کرام نے اپنی زندگیاں دین اسلام کی سربلندی اور اصلاح معاشرہ کیلئے وقف کر دیں

اولیاء اللہ کی تعلیمات کو نئی نسل تک پہنچا کر انکا مستقبل سنوارا جاسکتا ہے، میاں محمد آصف رضا قادری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان سنی تحریک NA-100 کے زیر اہتمام پیر سید باغ علی شاہ) بابا جی سرکار (کے عرس کی تقریب کا انعقاد جامع مسجد گلزار مدینہ 50 چک ستھیالہ میں کیا گیا۔ تقریب کی صدارت صدارت مرکزی کوآرڈینیٹر و ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری نے کی۔ اس موقع پر پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری، پیر سید وسیم الحسن شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ قاسم حسان نقشبندی و دیگر مقررین خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اولیائے کرام نے اپنی زندگیاں دین اسلام کی سربلندی اور اصلاح معاشرہ کیلئے وقف کر دیں۔ اولیاء اللہ کی تعلیمات کو نئی نسل تک پہنچا کر انکا مستقبل سنوارا جاسکتا ہے۔ پیر سید باغ علی شاہ رحم اللہ علیہ جیسے نفوسِ قدسیہ نے ہمیشہ انسانیت سے محبت، امن، رواداری اور اتحادِ امت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)



جی سی یو اور لمز محققین نے پاکستان کی پہلی سسٹین ایبل کیمسٹری لیب کے لیے برطانوی گرانٹ حاصل کر لی

یہ پراجیکٹ رائل سوسائٹی آف کیمسٹری کی 2026 کی گرانٹس کے لیے دنیا بھر سے منتخب کیے گئے محض 23 منصوبوں میں شامل ہے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور اور لمز کے محققین نے پاکستان کی پہلی سسٹین ایبل کیمسٹری لیبارٹری کے قیام کے لیے برطانیہ کی نامور رائل سوسائٹی آف کیمسٹری سے 10 ہزار پاؤنڈز کی گرانٹ جیت لی ہے۔ یہ پراجیکٹ رائل سوسائٹی آف کیمسٹری کی 2026 کی گرانٹس کے لیے دنیا بھر سے منتخب کیے گئے محض 23 منصوبوں میں شامل ہے، جو کہ پاکستانی سائنس دانوں کے لیے ایک بڑا عالمی اعزاز ہے۔ اس جدید منصوبے کی قیادت انسٹی ٹیوٹ آف کیمیکل سائنسز کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الطاف اور لمز کے پی ایچ ڈی ریسرچر اور اولڈ راوین حسن یعقوب کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد الطاف نے واضح کیا کہ یہ ماڈل لیبارٹری گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں قائم کی جائے گی۔

مصنوعی ذہانت کے دور میں خبر کی تصدیق کی اہمیت مزید بڑھ گئی، گیانچند ایسرانی

رفتار سے زیادہ صحافت کی طاقت سچائی اور اعتبار ہے، غلط معلومات اداروں پر عوامی اعتماد متاثر کرسکتی ہیں، مشیر برائے بحالی سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے بحالی گیانچند ایسرانی نے عالمی یوم خبروں کے موقع پر کہا ہے کہ موجودہ دور میں درست اور قابل اعتماد صحافت کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے، صحافت کی اصل طاقت رفتار کے بجائے سچائی اور اعتبار ہے۔ انہوں نے کہا کہ خبر شائع کرنے سے پہلے حقائق کی جانچ اور مختلف ذرائع سے تصدیق صحافت کا بنیادی اصول ہے، جبکہ مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد اور غلط معلومات کا پھیلاؤ صحافت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ گیانچند ایسرانی نے کہا کہ صحافتی اداروں کو خبروں کے ذرائع، تصدیق اور غلطی کی صورت میں تصحیح کے عمل میں شفافیت اختیار کرنی چاہیے۔ غلط معلومات معاشرے میں کشیدگی بڑھانے اور عوام کے اداروں پر اعتماد کو متاثر کرنے کا سبب بن سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کو آزادانہ سوالات کرنے اور حقائق سامنے لانے کا ماحول فراہم کیا جائے۔ صحافیوں، حکومت اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ تحقیق، تصدیق اور سچائی پر مبنی معلومات کو فروغ دیا جائے۔

فیسکو میں صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے ہیلپ لائن 118 فعال

اوور بلنگ، بجلی بندش اور میٹر سمیت دیگر شکایات 118 پر درج کرانے کی سہولت

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا کہ فیسکو میں وزیر اعظم پاکستان شہباز کے شریف ویژن اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر جدید ہیلپ لائن سروس 118 پر صارفین بجلی کی شکایات کے فوری ازالے کے ساتھ ساتھ انھیں بہترین سروسز فراہمی جاری ہے۔ یہ اقدام اڑان پاکستان کے وژن کے تحت ایک جدید، بااعتماد اور عوام دوست پاور سیکٹر کی جانب ایک مضبوط قدم ہے جس کا بنیادی مقصد صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل کے حل کو مزید تیز، شفاف اور انھیں صارف دوست ماحول مہیا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیلپ لائن 118 کے ذریعے ملک بھر کے بجلی صارفین اب اپنی شکایات اور مسائل ایک ہی نمبر پر کال کر کے درج کرا سکتے ہیں۔ اس سروس کے تحت وولٹیج کی کمی، اوور بلنگ، بجلی کی بندش، میٹر (باقی صفحہ اندرونی نمبر47)

وفاقی حکومت جس طرح پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے

حکومت پٹرولیم مصنوعات کی فی لٹر قیمت پر عاد 130 روپے ناجائز لیوی اور ٹیکسز کو ختم کرے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران موٹر گیر مارکیٹ سیکٹر نمبر 1 کے صدر حاجی قمر الزمان لاہوری نے بڑھتی ہوی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت جس طرح پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے اس نے تاجر اور عام آدمی کیلئے مزید مشکلات پیدا کر دی ہے، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ مقامی قیمتوں میں اضافے کا سبب بن رہا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمت کا بڑا حصہ مختلف ٹیکسوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر44)

دہشت گرد اسلام و پاکستان کے دشمن ہیں، عبدالرشید حجازی

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں عرصہ سے جاری دہشتگردی نے ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی، ضلعی امیر قاری محمد ارشد، ناظم قاری بشیر احمد عزیزی، خالد محمود اعظم آبادی، چوہدری حبیب اللہ عطار و دیگر نے ڈیرہ اسماعیل خان چیک پوسٹ میں خودکش دھماکے اور ایمبولینس پر فائرنگ سے 14 افراد کے شہید اور 30 افراد کے زخمی ہونے پر گہرے صدمے اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد اسلام و پاکستان کے دشمن ہیں۔ ان کا کوئی دین و مذہب نہیں۔ دہشت گرد مسلمان تو تو دور کی بات انسان کہلانے کے بھی حقدار نہیں۔ یہ خونخوار درندے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

مقبوضہ جموں وکشمیر میں گجر بکروال خاندان دریاؤں کے کنارے خیموں میں رہنے پر مجبور

موسمیاتی تبدیلی نے عارضی رہائش کے روایتی مقامات کو انتہائی خطرناک علاقوں میں تبدیل کر دیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے پلوامہ اور شوپیاں اضلاع میں سینکڑوں گجر بکروال خاندان اور مزدور آج بھی دریاؤں کے کنارے عارضی خیموں اور جھونپڑیوں میں انتہائی ناگفتہ بہہ حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے انہیں متبادل رہائش یا بحالی کی کوئی سہولت فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد حسین خان نے پلوامہ کے علاقے کریم آباد میں رومشی نالہ کے کنارے ایک خیمہ نصب کر رکھا ہے

نارتھ ناظم آباد میں فری میڈیکل کیمپ، شہریوں کا مفت معائنہ

مالی مشکلات کے باعث علاج سے محروم افراد فاؤنڈیشن سے رابطہ کریں، زوبیب اختر

کراچی (این این آئی) آئی ایم پاکستان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نارتھ ناظم آباد میں فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا، جہاں شہریوں کو مفت طبی معائنہ، علاج اور طبی مشاورت کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر آئی ایم پاکستان فاؤنڈیشن کے چیئرمین زوبیب اختر نے کہا کہ کراچی کے وہ شہری جو مالی مشکلات کے باعث مناسب علاج نہیں کرا سکتے، وہ بلا جھجک فاؤنڈیشن سے رابطہ کریں اور مفت طبی سہولیات سے استفادہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ شہری فاؤنڈیشن کے رابطہ نمبرز یا ڈاکٹر سید احسان، ڈاکٹر عباس علی اور رضا جعفری سے رابطہ کر سکتے ہیں۔



فیصل آباد: آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم کی بڑی بہن اور پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان کی اہلیہ کے نماز جنازہ میں ارکان اسمبلی رانا ثناء اللہ خان، رانا شہریار، ظفر اقبال ناگرہ، رانا معظم عباس خاں، اظہر اقبال، رانا طارق، منور منج، پروفیسر ندیم سہیل، میاں شکیل، میاں عثمان رفعت، رانا افضال، سرفراز باجوہ، رانا مرتضیٰ، غلام رسول، خواجہ محمد اسلام، چوہدری پرویز جٹ، رانا مزمل، جاوید اعوان، شاہد گھمن، موسیٰ خاں، رانا علی، ڈاکٹر حبیب اسلم گابا، چوہدری عاطف بٹر، قاری مبارک و دیگر شریک ہیں

چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب اور دسترس فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

تعلیمی اداروں اور مدارس میں آگاہی سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو ان کے حقوق اور ذاتی تحفظ سے متعلق ضروری معلومات فراہم کی جائیں گی۔

بچوں کے تحفظ، کمیونٹی آؤٹ ریچ، مدارس، کمیونٹی تعلیمی اداروں کیساتھ روابط، اساتذہ کی استعدادِ کار بڑھانے کیلئے مشترکہ اقدامات کیے جائینگے

لاہور (این این آئی) بچوں کے تحفظ، فلاح و بہبود اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب اور دسترس فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب و رکن صوبائی اسمبلی سارہ احمد اور چیئرپرسن دسترس فاؤنڈیشن شائزا شاہد نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق ہر بچے کو تحفظ، عزت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، انہوں نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے مؤثر حفاظتی اقدامات، عوامی آگاہی اور مختلف اداروں کے درمیان باہمی تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت بچوں کے تحفظ سے متعلق آگاہی، کمیونٹی آؤٹ ریچ، مدارس اور کمیونٹی تعلیمی اداروں کے ساتھ روابط اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار بڑھانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے، اس سلسلے میں بچوں کے لیے سہ ماہی بنیادوں پر چائلڈ پروٹیکشن اور چائلڈ رائٹس آگاہی سیشنز منعقد کیے جائیں گے، جن میں بچوں کے حقوق، ذاتی حفاظت، گڈ ٹچ اور بیڈ ٹچ، مثبت رویوں، آن (باقی صفحہ اندرونی نمبر48)

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب I/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع بیلہ بنکس موضع بنکس، چکنمبر 160 موضع کوٹ خیرا تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفیہ حال قائم خاتون المعروف کرم بھری دختر مہامند کے وارثان فقہ اہلسنت میں مہامند، عنائیتاں والدین پہلے فوتشد، سردار خان خاوند پہلے فوتشد، حاجرہ دختر زندہ ہے کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب I/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع بیلہ بنکس موضع بنکس، چکنمبر 160 موضع کوٹ خیرا تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفیہ حال امیراں بی بی دختر سردار خان کے وارثان فقہ اہلسنت سردار خان، صداں والدین پہلے فوتشد، صالحوں خان پہلے فوتشد، محمد سعید خان، شہباز بی بی پسر دختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب I/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع بیلہ بنکس موضع بنکس، چکنمبر 160 موضع کوٹ خیرا تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفیہ حال نور بھری دختر مہاند کے وارثان فقہ اہلسنت عنائیتاں، مہاند، والدین پہلے فوتشد شمیر خاوند پہلے فوتشد، دول خان، امیر، ستاں پسر دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل صاحب تحصیلدار جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع چک گھمنانہ تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال محمد ریاض ولد میاں مراد کے وارثان میں میاں مراد، صاباں بی بی والدین پہلے فوتشد، زہراں بی بی زوجہ بعد فوتشد، محمد الطاف، محمد اسحٰق، ساجدہ بی بی، عابدہ بی بی پسران دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل صاحب تحصیلدار جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع چک گھمنانہ تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفیہ حال زہراں بی بی دختر مہامد کے وارثان میں نواراں بی بی، مہامد والدین پہلے فوتشد محمد ریاض خاوند پہلے فوتشد، محمد الطاف، محمد اسحٰق، ساجدہ بی بی، عابدہ بی بی پسران دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل صاحب تحصیلدار جھنگ

تصدیق انتقال وارثت موضع چک گھمنانہ تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال میاں مراد ولد میاں محبت خان کے وارثان میں میاں محبت والد پہلے وفوتشد محمد ریاض پسر بعد فوتشد، فتیں بی بی دختر بعد فوتشد ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا 185

